نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پرمحکمہ زراعت پنجاب کے تحت جعلی زرعی ادویات اور ملاوٹ شدہ کھادوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

لاہور24 جنوری2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیراعلی پنجاب کی ہدایت پر محکمہ زراعت پنجاب کے تحت جعلی زرعی ادویات اور ملاوٹ شدہ کھادوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی ہدایت پر معیاری کھادوزرعی ادویات کی دستیابی کیلئے مانیٹرنگ کی جارہی ہے۔ملاوٹ شدہ کھادوں اورزرعی ادویات کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کو کیفرکردار تک پہنچایا جا رہاہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ ملتان کے نواحی علاقہ پل مظفرآباد سے محکمہ زراعت پنجاب نے کاروائی کرتے ہوئے جعلی کھاد کی بوریوں کا ٹرک پکڑلیا۔ٹرک میں جعلی کھاد کے 300 بیگ لوڈ تھے۔ضبط شدہ کھاد کی کل مالیت 85 لاکھ روپے بنتی ہے۔موقع سے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ریڈ اسسٹنٹ کنٹرولر فرٹیلائزرملتان اللہ رکھا سندھو کی سربراہی پر مشتمل ٹیم نے کیا۔موقع پر کھاد کے نمونہ جات حاصل کر کے تجزیہ کے لیے لیبارٹری بھجوادیے گئے ہیں۔تھانہ مظفرآباد میں 6 ملزمان کے خلاف مقدمہ کے اندراج کے لیے استغاثہ دائر کردیا گیا ہے۔

☆☆☆☆